
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

لباس کے آداب



دین اسلام نے لباس کے کئی آداب بتائے ہے
جن میں سے ہم بعض آداب جانیں گے ۔

☆ صفائی

☆ مناسب لباس کا انتخاب کرنا



☆ اسراف سے بچنا

☆ دائیں جانب سے آغاز کرنا



ہمیں چاہیے کہ ان آداب کا خیال رکھیں ۔
اور نبی ﷺ کی سنت کی اتباع کریں ۔

صفائی

نبی ﷺ نے فرمایا : بیشک اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے ۔

مسلم:91



نبی ﷺ کے ارشادات پر عمل کرنے کی کوشش کریں ۔

آپ کا بدن صاف ہو ۔

آپ کا لباس صاف ہو۔



آپ کے بال بنے ہو۔

آپ کے پاس سے خوشبو آرہی ہو۔

اسلام صفائی اور آراستہ ہونے کا درس دیتا ہے۔

مناسب لباس کا انتخاب

حامد اور شیما والد کے ساتھ نیا لباس خریدنے بازار گئے۔ دکاندار مختلف قسم کے کپڑے بتانے لگا۔ والد کچھ کپڑے ہٹا رہے تھے ۔



حامد اور شیما نے پوچھا: ابو آپ یہ کپڑے کیو ہٹا رہے ہیں۔

والد نے جواب دیا: میں اس لیے انہیں ہٹا رہا ہوں کہ یہ لباس مسلمان کے شایان شان نہیں ہے ۔

ان دونوں نے پوچھا : وہ کیا ہے؟

والد نے جواب دیتے ہوئے کہا : وہ لباس جو ستر کو نمایا کریں باریک ہو یا تنگ بدن کو مکمل نہ ڈھانکتا ہو۔ وہ لباس جن پر تصویر ہو یا ممنوع اور نامناسب جملے لکھیں ہوں وہ عبارات جو دین کے خلاف ہو۔



اس طرح حامد اور شیما اپنے والد سے اسلام نے مسلمانوں کو لباس کس مناسبت سے پہننا چاہیے سیکھا ہے ۔

مجھے اپنے قومی لباس پر فخر ہے جو پورا ستر پوشی کرتا ہے ۔


مردوں کو عورتوں کے لباس سے مشابہت کرنا اور
عورتوں کو مردوں کے لباس سے مشابہت کرنا حرام ہے،
یعنی مرد عورتوں کا لباس نہیں پہننا چاہیے اور عورتیں
مرد کا لباس نہیں پہننا چاہیے ۔



مردوں کے لباس اور عورتوں کے لباس کونسے ہیں
صحیح جواب سے جوڑیں

مرد کا لباس	
	عورت کا لباس









اسراف سے بچنا

لباس خریدتے وقت اسراف نہیں کرنا چاہیے ۔ جو لباس ہم استعمال نہیں کرتے اسے صدقہ کردینا چاہیے ۔




اللہ فرماتا ہے:

اسراف نہ کرو یقیناً اللہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

سورۃ اعراف :31

دائیں جانب سے آغاز کرنا



جب مجھے کپڑے پہننا ہو تو دایاں ہاتھ سے شروع کرتا ہوں ۔

جب مجھے کپڑے اتارنا ہو تو بایاں ہاتھ سے شروع کرتا ہوں ۔



میں لباس کے آداب کا خیال رکھتا ہوں ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

کپڑے پہننا ہو تو کس ہاتھ سے شروع کریں؟

☆ دایاں ہاتھ

☆ بایاں ہاتھ

کس طرح کا لباس نہیں پہننا چاہیے؟

☆ سفید اور نیلا لباس

☆ جاندار کی تصویر اور ناجائز عبارت والا لباس

اسلام ہمیں کس چیز کی ہدایت کرتا ہے؟

☆ اعتدال کی راہ

☆ اسراف

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

کپڑے جب بلکل استعمال میں نہیں آتے ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

- صندوق میں رکھنا چاہیے
- صدقہ کرنا چاہیے

کپڑے خریدنے جارہے ہو تو کیا کروگے؟

- ہر وہ چیز جو مجھے پسند آئے میں خریدتا ہوں ۔
- جو مجھے ضرورت ہو وہ خریدتا ہوں ۔
- جو مہنگی چیز ہے وہ خریدتا ہوں ۔

اسلام میں مرد اور عورتیں، لباس میں ایک دوسرے کی مشابہت کرنا کیسا ہے؟

- حرام ہے
- کچھ نہیں

ہمارے کرنے کے کام

حامد رات جلد سوتا ہے اور صبح جلد اٹھتا ہے ۔
سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا پڑھتا ہے ۔
فجر کی نماز وقت پر ادا کرتا ہے ۔ قرآن کی تلاوت کرتا ہے ۔



شریعت میں بتائی گئی اذکار پڑھتا ہے ۔
سکول جانے سے پہلے ناشتہ کرتا ہے ۔
سب کے ساتھ مل کر ناشتہ کرتا ہے۔



جلد سونے سے اور صبح جلد اٹھنے سے اسے فجر کی نماز وقت پر ادا کرنے کو ملتی ہے اور وہ صحتمند رہتا ہے ۔

جو وقت وہ پڑھائی کے لیے مخصوص کیا ہے اسی کام میں صرف کرتا ہے ۔



برعکس سلیمان رات دیر سے سوتا ہے ۔ اور صبح دیر سے اٹھتا ہے ۔ سکول جانے سے پہلے ناشتہ کرنے چڑتا ہے ۔
سکول میں پڑھائی میں سست ہے ۔

رات دیر ٹیوی اور گیمز میں لگا رہنے سے نیند پوری نہیں ہوتی اور اس کی طبیعت خراب ہوتے رہتی ہے ۔ وہ اپنی پڑھائی میں سستی اور کاہلی کرتا ہے۔



صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سکول میں واجب یا ہوم ورک دیں تو کیا کرنا چاہیے؟

☐ ☆ گھر والوں سے کرا دیں

☐ ☆ سکول میں دوست سے لکھوا لیں

☐ ☆ خودی سے کریں سمجھ نہ آئے تو مدد کے لیے پوچھیں ۔

صبح ناشتہ گھر سے کیوں کر کے جانا چاہیے؟

☐ ☆ صحت اور نمایا کامیابی حاصل کر سکیں۔

☐ ☆ والدین زبردستی کرتے ہیں تو کھاتا ہوں ۔

صبح جلد اٹھنے کے فائدوں میں سے ایک یہ بھی ہے ؟

☐ ☆ نماز فجر وقت پر ادا کی جاسکتی ہے۔

☐ ☆ چہرا چمکدار ہو جاتا ہے۔

والدین کی خدمت

ان کے کام میں مدد کرنا۔



اچھے سے بات کرنا اور ان کی بات سننا۔

ان کی اطاعت اور احترام کرنا۔

مدد کے لیے پوچھنا۔



اللہ فرماتا ہے:

تیرے ربّ نے فیصلہ کر دیا ہے کہ: تم لوگ کسی کی عبادت نہ کرو، مگر صرف اُس کی۔ والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو۔

سورۃ بنی اسرائیل :23

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

حامد کے والد نے کہا داداجی سے ملنے جانا ہے تیار ہو جاؤ تو حامد...؟

☐ ☆ کہے کہ میں نہیں جانا چاہتا ہوں ۔

☐ ☆ فوری تیار ہوجائے ۔

رشتہ داروں سے ملنے جاؤ تو؟

☐ ☆ انکے ہاں سکون اور اطمینان سے رہیں ۔

☐ ☆ انکے گھر کا سامان اور بچوں کے کھلونے خراب کرنا۔

والد بلا رہے ہو اور آپ پڑھائی کرہے ہو تو کیا کریں؟

☐ ☆ پڑھائی پہلے کرلیں پھر والد کے پاس جانا چاہئے ۔

☐ ☆ والد کا کام پہلے سنیں پھر پڑھائی کریں ۔

میں
فجر کی نماز
وقت پر
ادا کرتا ہوں

میں ان رویوں اور سرگرمیوں کو سیکھ رہا ہوں جنہیں میں
اپنے روزمرہ کے معمولات میں شامل کرنا چاہتا ہوں ۔